147812- مرد کے لیے ہاتھوں اور پاؤں کی تلی میں مہندی لگانے کا حکم

سوال

ہمارے ہاں ایک رسم پائی جاتی ہے کہ دلہا اور دلہن کے ہاتھوں اور تلیوں پر بیک وقت مہندی لگائی جاتی ہے، تو اس عمل کا کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

"دلہن کے ہاتھوں اور پاؤں میں مہندی لگانے کے حوالے سے ہمیں کسی ممانعت کا علم نہیں ہے یہ خاوند کے لیے بناؤ سنگھار میں شامل ہے۔ لیکن مرد کو مہندی لگانے کی اجازت نہیں ہے؛ کیونکہ یہ عورتوں کی مخصوص زینت ہے، اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنا مردوں کے لیے جائز نہیں ہے چاہے وہ صرف مہندی لگانے کی حد تک ہو یا لباس میں مشابہت ہو؛ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے اور ایسے مرد پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرے، یا عورت مرد کی مشابہت اختیار کرے، تو یہ جائز نہیں ہے۔" ختم شد

سماحۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ

"فتاوی نور علی الدرب" (2/599)

واللہ اعلم